Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 15 | غرہ المبارک 20 دسمبر 2024ء، 17 جمادی الثانی 1446ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 249

غزہ میں جنگ فوری طور پر بند ہونی چاہیے، وزیر اعظم

لاکھوں نوجوانوں کو مصنوعی ذہانت، ڈیٹا اینالیٹکس، اور سائبر سکیورٹی کے حوالے سے فنی تربیت فراہم کی گئی ہے، پاکستان دنیا کی سب سے بڑی فری لانسر کی کمپیوٹر میں سے ایک ہے

چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار اور نوجوان معاشی ترقی کے کلیدی محرک ہیں، نوجوان توانائی، نئے خیالات اور تخلیقی صلاحیتوں سے بھرپور ہیں، خطاب

قاہرہ (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ غزہ میں جنگ فوری طور پر بند ہونی چاہیے، چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار اور نوجوان معاشی ترقی کے کلیدی محرک ہیں، نوجوان توانائی، نئے خیالات اور تخلیقی صلاحیتوں سے بھرپور ہیں ڈی ایٹ ممالک کے 11ویں سربراہی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ غزہ میں جنگ بندی، مغلے اور دنیا کے امن کے لیے اہم ہے(بقیہ نمبر 1)

جناب جسٹس یحییٰ آفریدی چیف جسٹس آف پاکستان نے صادق آباد پنجاب میں پنجاب کے دور افتادہ اضلاع کی عدلیہ کے ساتھ ایک گروپ فوٹو

سیاسی کشیدگی کا خاتمہ ملکی استحکام کیلئے ناگزیر ہے، گورنر پنجاب

کوئی غیر آئینی عمل صدر زرداری کی سرپرستی کے بغیر کامیاب نہیں ہوسکتا

مری ایکشن کمیٹی کے مطالبات وزیر اعلیٰ کی توجہ کے طالب ہیں: سردار سلیم حیدر

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا ہے کہ کوئی غیر آئینی عمل صدر زرداری کی سرپرستی کے بغیر کامیاب نہیں ہو سکتا، سیاسی کشیدگی کا خاتمہ ملکی استحکام کیلئے ناگزیر ہے، مری ایکشن کمیٹی کے مطالبات وزیر اعلیٰ کی توجہ کے طالب ہیں ۔یہ(بقیہ نمبر 2)

ہر ایک کو ٹیکس انتہائی کیتھ ڈیل کرنا پڑیگا، وزیر خزانہ

ایف بی آر کا پالیسی میکنگ میں کوئی تعلق نہیں ہوگا، ان کا کام اب کلیکشن کرنا ہوگا، محمد اورنگزیب

سیالکوٹ (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ ہم پالیسی ریونیو کلیکشن سے بہتر بنائیں گے اور ہر ایک کو ٹیکس انتہائی کے ساتھ ڈیل کرنا پڑے گا۔ سیالکوٹ چیمبر آف کامرس میں تاجروں سے گفتگو کرتے (بقیہ نمبر 5)

پنجاب فوڈ اتھارٹی کا سکول نیوٹریشن پروگرام کا آغاز

ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید نے ڈی پی ایس ماڈل ٹاؤن سے سکول نیوٹریشن پروگرام کا افتتاح کیا

لاہور (این این آئی) صحت مند بچے۔۔۔ تحفظ مستقبل، بچوں کی صحت اور نشوونما کے لیے پنجاب فوڈ اتھارٹی نے سکول نیوٹریشن پروگرام کا آغاز کردیا۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید نے ڈی پی ایس ماڈل ٹاؤن سے (بقیہ نمبر 4)

منشیات اسمگلروں کی فائرنگ سے پولیس اہلکار شہید

شلوبر میں پولیس ناکے پر فائرنگ کی گئی، جس کے نتیجے میں پولیس اہلکار ندیم خان شدید زخمی ہوگیا

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کے قلعہ بازو کی حدود میں پولیس ناکے پر منشیات سمگلروں کی فائرنگ سے پولیس اہلکار شہید ہوگیا۔ خیبر پختونخوا پولیس کے مطابق بازو کے علاقے شلوبر میں پولیس ناکے پر فائرنگ کی گئی، جس کے (بقیہ نمبر 3)

ذاتی حملوں کی بجائے ایشوز پر بات کرنے سے ایوان خوشگوار ماحول میں چل سکتا ہے، سردار ایاز صادق

پارلیمان میں ایشوز کو زیر بحث لایا جائے

پروڈکشن آرڈز جیسے ایشوز پر کوشش ہوتی ہے کہ پہلے غلط ہوا ہے تو اب نہیں ہونا چاہیے، سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کا سپیکرز کانفرنس کی افتتاحی تقریب سے خطاب

اسپیکر قومی اسمبلی کی زیر صدارت اٹھارویں سپیکرز کانفرنس کا انعقاد، اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کا اٹھارویں سپیکرز کانفرنس کے افتتاحی اجلاس کے موقع پر صدارتی خطاب

افتتاحی اجلاس میں صوبائی اسمبلیوں کے سپیکرز، آزاد جموں کشمیر کی قانون ساز اسمبلی کے سپیکر اور گلگت بلتستان کے سپیکر کی پارلیمانی وفود کے ہمراہ شرکت

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کا کہنا ہے کہ ذاتی حملوں کی بجائے مسائل پر بات کرنے سے ایوان خوشگوار ماحول میں چل سکتا ہے اور تجاویز کو کھلے دل کا مظاہرہ کرنا ہوگا، تمام سائل کا حل پارلیمان کے دریچے میں ہے، ایوان میں بیٹھے تمام اراکین آپس میں گفتگو کریں گے، تمام سائل کا حل پارلیمان میں ہی ممکن ہے، ایوان میں بیٹھے تمام اراکین تحفظ کرتا ہے اور ایک دوسرے کا بازو بنتا ہے۔ اسپیکر نے کہا کہ پروڈکشن آرڈز جیسے ایشوز پر کوشش ہوتی ہے کہ جو (بقیہ نمبر 5)

اسلام آباد: اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کا پارلیمنٹ ہاؤس میں 18ویں اسپیکرز کانفرنس کے موقع پر صوبائی اسمبلی، قانون ساز اسمبلیوں اور سیکریٹریز جنرل/سیکرٹریز کے ساتھ گروپ فوٹو

کے الیکٹرک لاگت بڑھا چڑھا کر پیش کر رہا ہے، نیپرا

حکومت کی نیپرا کو سفارش

مجوزہ ملٹی ایئر میں ٹیرف کو 44.69 روپے فی یونٹ سے کم کر کے 34.87 روپے فی یونٹ کیا جائے، وفاقی حکومت

غیر حقیقی سرمایہ کاری کا تخمینہ لگایا ہے اور پرانے مالیاتی مفروضوں پر اپنی حساب کتاب کی بنیاد رکھی ہے، دستاویزات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے کے الیکٹرک کے ملٹی ایئر میں ٹیرف تجویز کی سخت مخالفت کرتے ہوئے یونٹ ٹیرف کم کرنے کی سفارش کی ہے۔ دستاویزات کے مطابق وفاقی حکومت نے کے الیکٹرک کے ملٹی ایئر ٹیرف تجویز کی سخت مخالفت کی ہے اور اسے کراچی کے عملی صارفین پر غیر ضروری، بے بنیاد بوجھ قرار دیتے ہوئے کہا کہ لاگت کو بڑھا چڑھا کر پیش کیا جا رہا ہے۔حکومت نے نیپرا (بقیہ نمبر 6)

وفاقی سرکاری اداروں کی کمرشل عمارتوں کے ہائرنگ ریٹس میں اضافہ

اسلام آباد، راولپنڈی کے لیے فی اسکوائر فٹ ریٹ 80 سے بڑھا کر 180 روپے جبکہ کراچی کا ریٹ 50 سے 113 روپے کر دیا گیا

اعلامیے کے مطابق سینٹرل ایریز کمرشل بلڈنگ عمارات کی صورت میں مقررہ حد سے 25 فیصد اضافہ ریشیو لاگوں ہوں گے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی سرکاری اداروں کی کمرشل عمارتوں کے ہائرنگ ریٹس میں اضافہ کردیا گیا ہے، وزارت ہاؤسنگ نے اسلام آباد، راولپنڈی کے لیے فی اسکوائر فٹ ریٹ 80 سے بڑھا کر 180 روپے جبکہ کراچی کا ریٹ 50 سے 113 روپے کر دیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق وزارت ہاؤسنگ اینڈ ورکس نے نظر ثانی شدہ ہائرنگ ریٹس کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے جس کے مطابق اسلام آباد (بقیہ نمبر 8)

مریم نواز شریف سپورٹس کی ترقی کیلئے بہترین اقدامات کر رہی ہیں، چودھری حامد حمید

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں فروغ ہاکی ایکسیلنس گیمز 2024-25 فیز نو کی افتتاحی تقریب کے مہمان خصوصی مسلم لیگ ن کے سابق رکن قومی اسمبلی چودھری حامد حمید نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف صوبہ میں سپورٹس کی ترقی (بقیہ نمبر 9)

قاہرہ: وزیر اعظم محمد شہباز شریف D-8 سربراہی اجلاس کے موقع پر ہوٹل ہیلیوپلس کے صدر پر ایردوعیاتو سے ملاقات کر رہے ہیں

پنجاب یونیورسٹی میں لاء کے نئے داخلوں پر پابندی عائد

لاہور (این این آئی) پنجاب یونیورسٹی میں لاء کے نئے داخلوں پر پابندی عائد کردی گئی۔ پاکستان بار کونسل نے پنجاب یونیورسٹی کو لاء میں نئے داخلے کرنے (بقیہ نمبر 7)

امریکی پابندیاں امتیازی اور جانبدارانہ ہیں، رضا ربانی

امریکی سامراج کو سمجھنا چاہیے پاکستان طفیلی ریاست نہیں، سابق چیئرمین سینٹ

اسلام آباد (این این آئی) سابق چیئرمین سینٹ رضا ربانی نے کہا ہے کہ ملٹیک میزائل پروگرام میں مدد کے الزام پر امریکی پابندیوں کی شدید مذمت کرتے ہیں۔ ایک بیان میں رضا ربانی نے کہا ہے کہ امریکی سامراج کو سمجھنا چاہیے پاکستان طفیلی ریاست نہیں (بقیہ نمبر 6)

راولپنڈی/اسلام آباد یونین آف جرنلسٹس کے انتخابات، طارق عثمانی صدر منتخب

رضوان علوی جنرل سیکرٹری، یاسر مرزا فنانس سیکرٹری، فیصل اعوان، محسن اعجاز اور جویریہ صدیق کا بطور نائب صدور چناؤ

سیکرٹری اطلاعات مڑہ الیاس کیانی اور جوائنٹ سیکرٹریز کے لئے عبدالوحید جیجوعہ، خالد ملک اور مہوش قماس بلا مقابلہ منتخب

الیکشن کمیٹی کے چیئرمین طارق مسعود نے نیشنل پریس کلب میں انتخابی نتائج کا اعلان کیا

نیز 39 ڈیلیگیٹس کے انتخاب میں محمد فیصل ندیم، اعجاز علی ساغر، اسلم ڈوگر، ڈاکٹر فرقان راؤ و دیگر کو منتخب کیا گیا

راولپنڈی/اسلام آباد یونین آف جرنلسٹس کے انتخابات میں صدر منتخب ہونے کے بعد طارق عثمانی کے ہمراہ نئے عہدیداروں کا گروپ فوٹو

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) راولپنڈی اسلام آباد یونین آف جرنلسٹس کے 2025-27 کے انتخابی نتائج کا اعلان کر دیا گیا ہے، الیکشن کمیٹی کے چیئرمین طارق مسعود کی طرف سے انتخابی نتائج کے اعلان کے مطابق سینئر صحافی طارق عثمانی صدر، رضوان علوی جنرل سیکرٹری، فنانس سیکرٹری یاسر مرزا، مڑہ الیاس کیانی سیکرٹری اطلاعات بلا مقابلہ منتخب کر لیا گیا ہے۔ فیصل اعوان، محسن اعجاز اور جویریہ صدیق کو نائب صدور منتخب کیا گیا ہے اسی طرح جوائنٹ سیکرٹریز کی نشستوں پر بالترتیب عبدالوحید جیجوعہ، خالد ملک اور مہوش قماس کو منتخب کر لیا گیا ہے۔ نیز ایگزیکٹو کونسل کے (بقیہ نمبر 8)

9 مئی جلاؤ گھیراؤ کیس، پی ٹی آئی کے 8 کارکنان اشتہاری قرار

انسداد دہشت گردی عدالت نے ملزمان کے وائی وارنٹ گرفتاری جاری کر دیئے

لاہور (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت لاہور نے 9 مئی کو جناح ہاؤس میں پولیس کی گاڑیاں جلانے کے کیس میں پی ٹی آئی کے 8 کارکنوں کو اشتہاری (بقیہ نمبر 17)

لاہور: امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن پریس کانفرنس کر رہے ہیں

سکولوں میں موسم سرما کی تعطیلات 23 دسمبر سے شروع ہوں گی

سرکاری و نجی سکولوں میں موسم سرما کی 23 دسمبر سے 10 جنوری تک تعطیلات ہوں گی

لاہور (این این آئی) پنجاب کے سکولوں میں موسم سرما کی تعطیلات کا آغاز 20 کی بجائے 23 دسمبر سے ہوگا۔ تمام سرکاری و نجی سکولوں میں موسم سرما کی 23 دسمبر سے 10 جنوری تک

پی آئی اے کی نجکاری کا عمل کامیاب ہوگا، وزیر قانون

پی آئی اے کے پاس 34 جہازوں میں سے 12 استعمال کے قابل نہیں ہیں، 26 جہازوں میں سے 17 ورکنگ کنڈیشن میں ہیں

پی آئی اے کے ملازمین کی تعداد 7309 ہے، جنہیں تنخواہوں کی مد میں 35 ارب روپے ادا کئے جاتے ہیں، اعظم نذیر تارڑ کا قومی اسمبلی میں جواب

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی اجلاس میں وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ پی آئی اے کی نجکاری کے حوالے سے اس بار بہتر نجکاری کی توقع ہے، پی آئی اے کے پاس 34 جہازوں میں سے 12 استعمال کے قابل نہیں ہیں، 26 جہازوں میں سے 17 ورکنگ کنڈیشن میں ہیں، پی آئی اے کے ملازمین کی تعداد 7309 ہے جنہیں تنخواہوں کی مد میں 35 ارب روپے ادا کئے جاتے ہیں۔ جمعرات (بقیہ نمبر 10)

پی ٹی آئی کے رہنما اسد قیصر سے افغان سفیر کی ملاقات

دوطرفہ تعلقات، خطے میں امن کی صورتحال تبادلہ خیال کیا گیا

پشاور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اور قومی اسمبلی اسد قیصر سے افغان سفیر سردار احمد شکیب نے ملاقات کی جس میں دوطرفہ تعلقات، خطے میں امن کی صورتحال اور باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اسد قیصر اور افغان سفیر (بقیہ نمبر 5)

اسحاق ڈار اور آذربائیجان کے وزیر خارجہ کے درمیان ملاقات

دوطرفہ تعاون اور علاقائی روابط کے منصوبوں پر تبادلہ خیال کیا گیا

قاہرہ (این این آئی) نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے جمعرات کو قاہرہ میں ترقی پذیر آٹھ ممالک (ڈی ایٹ) کے 11ویں سربراہی اجلاس کے موقع پر (بقیہ نمبر 6)

چیئرمین مسلم لیگ نواز شریف صاحبزادہ سلطان احمد علی سیمینار کے موقع پر حضرت پیر کوہاری شریف کو یادگاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں

سلمان احمد کی پی ٹی آئی کی بنیادی رکنیت ختم کر دی گئی

اسلام آباد (این این آئی) بانی تحریک انصاف عمران خان کے خلاف سوشل میڈیا پوسٹیں کرنے پر گلگت کے سلمان احمد کی پی ٹی آئی کی بنیادی رکنیت ختم کر دی گئی۔ چیئرمین پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) بیرسٹر گوہر کے سلمان احمد کی بنیادی رکنیت ختم کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ نوٹس میں کہا گیا ہے کہ سلمان احمد (بقیہ نمبر 12)

پنجاب یونیورسٹی کے طلباء کا کروٹ ہائیڈرو پاور پراجیکٹ کا دورہ

راولپنڈی (این این آئی) پنجاب یونیورسٹی کے طلباء اور کیلکی ممبران نے دریائے جہلم پر واقع کروٹ ہائیڈرو پاور پراجیکٹ کا دورہ کیا۔ اس دورے کا مقصد طلباء کو قابل تجدید توانائی کی ٹیکنالوجیز، ہائیڈرو پاور جنریشن، اور بائیو انرجی کے طریقوں کے بارے (بقیہ نمبر 11)

لاہور: پیٹل سیکرٹری داخلہ فضل الرحمٰ الحاج ملازمین کے اعزاز میں سجائی گئی کرسی کی تقریب سے بطور مہمان خصوصی خطاب کر رہے ہیں۔

سرگودھا، تیز رفتار موٹر سائیکل کھڑی ٹرالی سے جا ٹکرایا

18 سالہ سوار نوجوان جاں بحق، 28 سالہ افغان پٹھان زخمی

سرگودھا (این این این) تیز رفتار موٹر سائیکل بے قابو ہو کر سڑک پر کھڑی ٹرالی میں جا ٹکرانے سے 18 سالہ نوجوان جاں بحق اور 28 سالہ افغان پٹھان شدید زخمی ہو گیا۔ تعلیمات کے مطابق سرگودھا ریجن کے قصبہ قاہ آباد میں قاہ بوکر سڑک پر کھڑی ٹرالی اس سے ٹکرا گئی۔ قاہ بوکر سڑک پر کھڑی ٹرالی سے ٹکرانے میں اس پر سوار صدیق آباد (بقیہ نمبر 13)

محکمہ زراعت پنجاب اور باخبر کسان فیس کے درمیان ایم او یو پر دستخط

تقریب میں پارلیمانی سیکرٹری زراعت اسامہ خان لغاری اور سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی شرکت

باخبر کسان کے ساتھ معاہدہ ڈیجیٹل میڈیا کے ذریعے کاشتکاروں کیلئے بروقت زرعی معلومات کا ذریعہ ثابت ہوگا، عاشق حسین کرمانی

لاہور (این این آئی) زرعی پنجاب کے ویژن کے مطابق پبلک پرائیویٹ سیکٹر کے تعاون کی حوصلہ افزائی کی جا رہی ہے، ڈیجیٹل ایگریکلچر کاشتکاروں کا مستقبل ہے، زرعی معلومات کی تشفی کیلئے ڈیجیٹل ڈیٹا ورک اور سوشل میڈیا کا استعمال آج کے دور میں لازم اور ضروری ہو چکا ہے۔ نگہداشت زراعت اور باخبر کسان کے درمیان ہونے والا یہ معاہدہ کاشتکاروں کیلئے بروقت زرعی معلومات کا (بقیہ نمبر 9)

امن و امان کی خراب صورتحال پر کے پی حکومت استعفیٰ دے

سکیورٹی اہلکاروں کی شہادت کی ایف آئی آر درج اعلیٰ پر ہونی چاہیے، فیصل کریم کنڈی

پشاور (این این آئی) کوارڈینیٹر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ امن و امان کی خراب صورتحال پر پی پی پی حکومت استعفیٰ دے۔ سکیورٹی اہلکاروں کی شہادت کی ایف آئی آر وزیر اعلیٰ پر ہونی (بقیہ نمبر 20)

ایگزیکٹو ڈائریکٹر المحراء سید توقیر حیدر کاظمی نے عہدے کا چارج سنبھال لیا

توقیر حیدر کاظمی کی المحراء افسران سے ملاقات، مختلف امور پر بریفنگ دی گئی

لاہور (این این آئی) ایگزیکٹو ڈائریکٹر المحراء سید توقیر حیدر کاظمی نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا۔ انہوں نے المحراء افسران سے تعارفی ملاقات کی۔ ملاقات میں سید توقیر حیدر کاظمی کو المحراء کے مختلف امور پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ سید توقیر حیدر کاظمی نے تمام شعبوں کو ہدایت کی کہ المحراء کے تمام شعبوں کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ المحراء (بقیہ نمبر 22)

وزیر ٹرانسپورٹ ایڈمنسٹریٹر پنجاب بلال اکبر خان چیئرمین کراس پورٹیشن میں مفت بسیں سمیت کمرے میں

چین فعال طور پر ڈیجیٹل ٹیکنالوجی تیار کر رہا ہے، چینی میڈیا

بیجنگ (این این آئی) انفارمیشن ٹیکنالوجی کے دور کی آمد کے ساتھ ہی پیداوار، معاملات، زندگی اور سماجی سفر کی طریقوں میں گہری تبدیلیاں رونما ہوئی ہیں، دنیا کے تمام ممالک کے باہمی ربط اور باہمی انحصار بھی قریب سے قریب تر ہوتا جا رہا ہے، اور زیادہ سے زیادہ (بقیہ نمبر 21)

حکومت کیساتھ مذاکرات برابری کی بنیاد پر ہوں گے

حکومت مذاکرات سے پہلے عمران خان کے مینڈیٹ کو تسلیم کرے، حامد رضا

لاہور (این این آئی) سنی اتحاد کونسل پاکستان اور قائد تحریک برائے انسانی حقوق کے چیئرمین صاحبزادہ حامد رضا نے کہا ہے کہ حکومت کیساتھ مذاکرات برابری کی بنیاد پر ہوں گے، حکومت مذاکرات سے پہلے عمران خان کے مینڈیٹ کو تسلیم کرے، گفتگو (بقیہ نمبر 7)

امریکہ سرد جنگ اور بالادستی کی ذہنیت کو ترک کرے، چینی وزارت خارجہ

چین دنیا میں امن، استحکام اور ترقی کیلئے ایک مضبوط قوت رہا ہے، ترجمان کا بیان

بیجنگ (این این آئی) امریکی محکمہ دفاع کی جانب سے چین کی فوجی اور سکیورٹی پیش رفت پر سالانہ رپورٹ جاری کرنے پر چین کی وزارت خارجہ نے ترجمان لین جیان نے پیپر پر پیس کانفرنس میں کہا کہ یہ امریکی پروپیگنڈے بھی ماضی کی رپورٹس کی طرح حقائق کو نظر (بقیہ نمبر 8)

ایکشن کمیشن کا بلوچستان اسمبلی کے حلقہ پی بی 21 میں دوبارہ گنتی کا حکم

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے بلوچستان اسمبلی کے حلقہ پی بی 21 میں دوبارہ گنتی کا حکم دے دیا۔ الیکشن کمیشن نے اس حوالے سے محفوظ فیصلہ سنا دیا۔ بلیٹز پارٹی کے حسن زہری نے دوبارہ گنتی کی درخواست دائر کی تھی۔ بلوچستان عوامی پارٹی کے محمد صالح بھوتانی پی بی 21 سے کامیاب (بقیہ نمبر 24)

گورنمنٹ شالیمار گریجویٹ کالج لاہور کی شاندار کامیابی

لاہور ڈسٹرکٹ تھرڈ بائز ایکویکیشن گیمز میں زراب پوزیشن حاصل کر لیا ہے

یہ شاندار کامیابی کالج کے اسٹیکلیٹس کی محنت اور لگن کا منہ بولتا ثبوت ہے، جو ہمیشہ اپنے ادارے کا نام روشن کرتے ہیں

پروفیسر محمد عثمان خان اور پروفیسر حافظ وقاص کو گیمز کے شاندار انتظامات میں ان کی خدمات کے اعتراف میں تعریفی اسناد سے نوازا گیا

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) گورنمنٹ شالیمار گریجویٹ کالج لاہور نے لاہور ڈسٹرکٹ تھرڈ بائز ایکویکیشن گیمز میں زراب پوزیشن حاصل کر لیا۔ ایک اہم سنگ میل عبور کیا ہے یہ شاندار کامیابی کالج کے اسٹیکلیٹس کی محنت اور لگن کا منہ بولتا ثبوت ہے، جو ہمیشہ اپنے ادارے کا نام روشن کرتے ہیں۔ مزید برآں، پروفیسر محمد عثمان خان اور پروفیسر حافظ وقاص کو گیمز کے شاندار انتظامات میں ان کی خدمات کے اعتراف میں تعریفی اسناد سے نوازا گیا۔ کالج کے پرنسپل ڈاکٹر محمد اسلم نے کالج کی کامیابی پر مبارکباد دی اور شاندار کارکردگی کو سراہا (بقیہ نمبر 4)

لاہور ڈسٹرکٹ تھرڈ بائز ایکویکیشن گیمز میں زراب پوزیشن حاصل والی گورنمنٹ شالیمار گریجویٹ کالج لاہور کی ٹیم کا گروپ فوٹو

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی
Daily Awami Lalkaar Rawalpindi
عوام کی سچی ترجمان
ABC
بانی: کامریڈ میاں محمد اسحاق
ایڈیٹر: کامریڈ شبیر اسحاق

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر روبینہ فیصل

پولیوٹیموں کا تحفظ یقینی بنانے کی ضرورت

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے صوبہ میں جاری ویکسی نیشن مہم کے دوران پولیوٹیموں کا تحفظ یقینی بنانے کا حکم دیا اور پولیس اور انتظامیہ کو پولیو ورکرز کی سکیورٹی کے لیے فول پروف انتظامات کی ہدایت کی۔ اس حوالے سے مریم نواز نے کہا کہ پولیو کے خاتمے کے جہاد میں شریک ورکرز کا تحفظ ہر صورت یقینی بنانا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ مریم نواز نے پولیو ورکرز کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا اور مزید محنت کی تلقین کی۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے عوام سے پولیو ورکرز سے بھرپور تعاون کی اپیل کی اور کہا کہ بچوں کو عمر بھر کی معذوری سے بچانے کے لیے اینٹی پولیو ویکسی نیشن بہت ضروری ہے۔ پنجاب کو مکمل طور پر پولیو فری بنانا ہمارا عزم ہے۔ صوبے کے تمام انٹری پوائنٹس پر مؤثر ویکسی نیشن کیمپین یقینی بنانا ضروری ہے۔ ریلوے سٹیشن اور بس اڈوں پر بھی مسافر بچوں کی انسداد پولیو ویکسی نیشن یقینی بنائی جائے۔ صوبے کے مختلف شہروں میں انسداد پولیو ویکسی نیشن مہم کی بھرپور مانیٹرنگ کی جائے۔ ویکسی نیشن مہم کے دوران حفاظتی اقدامات کے تحت ویکسی نیشن ٹرانسپورٹیشن یقینی بنائی جائے۔ پولیو وائرس کے ماحولیاتی نمونے ختم کرنے کے لیے بھرپور اور مؤثر پلاننگ ضروری ہے۔ لاہور سمیت دیگر شہروں میں ہسپتالوں اور نمایاں مقامات پر انسداد پولیو ویکسی نیشن کے لیے خصوصی کیمپ لگائے گئے ہیں۔ پاکستان دنیا کے ان چند ممالک میں سے ایک ہے جہاں پولیو کا مرض اب تک موجود ہے جو بین الاقوامی برادری کے لیے تشویش کا باعث بن رہا ہے۔ افسوس ناک بات یہ ہے کہ پولیو ورکرز اور ان کے محافظ پولیس اہلکاروں پر حملے بالخصوص خیبر پختونخوا میں معمول بن چکے ہیں۔ گزشتہ چند روز میں خیبر پختونخوا میں پولیو ٹیموں پر تسلسل کے ساتھ حملے ہوئے ہیں۔ پاکستان عالمی برادری کا حصہ ہے اور وہ باقی دنیا سے کٹ کر نہیں رہ سکتا، لہٰذا پولیو کے خاتمے کے لیے ہمیں سنجیدہ ہونا پڑے گا۔ اس سلسلے میں سب سے اہم بات یہ ہے کہ انسداد پولیو کے لیے کام کرنے والی ٹیموں کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔ بالخصوص خیبر پی کے حکومت کو پولیو ورکرز کا تحفظ یقینی بنانا چاہیئے جہاں پولیو ورکرز سب سے زیادہ غیر محفوظ ہیں۔

پاکستانی تارکین وطن کی ذمہ داریاں

(تحریر: عبدالباسط علوی)

تارکین وطن کے کچھ ارکان، خاص طور پر عمران خان اور پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) پارٹی کے حامیوں کے حوالے سے خاصا تشویشناک رجحان سامنے آیا ہے، جو ایسی سرگرمیوں میں ملوث ہیں جنہیں پاکستان کے استحکام اور ساکھ کے لیے نقصان دہ سمجھا جاتا ہے۔ یہ اقدامات، جن میں غلط معلومات پھیلانا، غلط ڈاٹا فے والے مظاہروں میں حصہ لینا اور بدامنی بھڑکانے کی کوششیں شامل ہیں، ان اثرات کا باعث بنتے ہیں کہ پی ٹی آئی کے کچھ تارکین وطن پاکستان کے مفادات کے خلاف کام کر رہے ہیں۔ اگرچہ سیاسی اختلاف رائے کسی بھی جمہوریت کا خاصہ ہوتے ہیں لیکن اس گروہ کے اقدامات سمجھ سے بالاتر ہیں اور ملک سے دشمنی اور غداری کے درجے میں آتے ہیں۔ اپریل 2022 میں عمران خان کو عہدے سے ہٹائے جانے کے بعد، پی ٹی آئی کے حامی، جن میں تارکین وطن بھی شامل تھے، پاکستان کی حکومت اور فوج کی مخالفت میں پیش پیش رہے ہیں۔ تارکین وطن کے کچھ ارکان پرامن احتجاج اور مکالمت سے بالاتر ہو کر بیان بازی اور تشدد اور سیاسی عدم استحکام کو بڑھاوا دینے والے اقدامات میں ملوث ہیں۔ برطانیہ اور کینیڈا جیسے ممالک میں مقیم یونیورسٹی اور اقلیتی گروپ سمیت پی ٹی آئی کی چند شخصیات نے پاکستان میں پرتشدد مظاہروں کو ہوا دیتے ہوئے تقریریں کیں اور عمران خان کی برطرفی کو فوج اور حکمران اتحاد کی سازش قرار دیا۔ خاص طور پر جلاوطنی میں رہنے والے پی ٹی آئی کے رہنماؤں کے ان بیانات کو ایسے اشتعال انگیز اقدامات کے طور پر دیکھا گیا جو پاکستان کی سیاسی صورتحال کو خراب کر سکتے ہیں۔ عمران خان کی برطرفی کے بعد ان کے چند بیرون ملک مقیم حامیوں نے پاکستان میں مظاہرین کی طرف سے کیے گئے پرتشدد اقدامات کی کھل کر تعریف و توصیف کی۔ سوشل میڈیا پر اور بین الاقوامی میڈیا کے ساتھ انٹرویوز میں انہوں نے مظاہروں کے دوران قانون نافذ کرنے والے اداروں کے خلاف تشدد کو جائز قرار دیتے ہوئے اس کا جواز پیش کیا۔ انہوں نے پرتشدد مارچوں کو "جہاد جہاد آزادی" کے طور پر سراہا ہے اور پاکستان میں رہنے والے حامیوں کو اس طرح کے مزید اقدامات کرنے کا کہا ہے۔ تشدد پر اس طرح کی اشتعال انگیزی، خاص طور پر ملک کے ان نازک لمحات میں، نے پاکستان کے سیاسی بحران کو مزید گہرا کیا اور شہریوں اور سرکاری اداروں دونوں کی حفاظت کے بارے میں خدشات کو جنم دیا۔ ان اقدامات نے پاکستان کی سرحدوں پر تشدد کو بڑھانے میں اہم کردار ادا کیا جہاں فوجی اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کو مختلف سرحدی تنازعات کا سامنا کرنا پڑا۔ اس صورتحال نے اندرونی تناؤ کو تیز کر دیا، جس سے پاکستان کو ایسے وقت میں غیر مستحکم کرنے کا خطرہ لاحق ہو گیا جب ملک پہلے ہی کئی محاذوں پر چیلنجوں کا سامنا کر رہا ہے۔

پاکستان مخالف سرگرمیوں میں پی ٹی آئی کے تارکین وطن کی شمولیت کا ایک اور نقصان وہ پیدا ہونے والی صورتحال ہے جو پاکستان کے امیج کو نقصان پہنچانے کی اس کی جاری کوششوں میں ہے۔ پی ٹی آئی کے تارکین وطن کے کچھ ارکان نے بین الاقوامی فورمز، مغربی دارالحکومتوں میں لابنگ کی کوششوں اور عالمی میڈیا آؤٹ لیٹس کے ذریعے پاکستان کی فوج اور حکومت پر حملے کرنا اپنا مشن بنا لیا ہے۔ پی ٹی آئی کے بعض حامیوں نے گمراہ کن بیانیے پھیلائے ہیں جو پاکستان کی سویلین حکومت کو محض فوج کی کٹھ پتلی کے طور پر پیش کرتے ہیں۔ وہ اکثر پاکستان کو "دہشتی آمریت" قرار دیتے ہوئے فوج کے کردار کو بڑھا چڑھا کر پیش کرتے ہیں، حالانکہ فوج کا صرف سلامتی اور دفاع جیسے مخصوص شعبوں میں نمایاں اثر و رسوخ ہے۔ یہ تنگ شدہ تصویر پی پاکستان کو ایک غیر مستحکم اور غیر جمہوری ریاست کے طور پر پیش کرنے کی ناکام کوششیں ہیں۔

غیر ملکی خبر رساں اداروں کے ساتھ انٹرویوز میں پی ٹی آئی کے حامیوں نے اشتعال انگیز بیانات دیے ہیں جن میں پاکستان کی فوج پر انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں، اختیاری ہیرا پھیری اور حزب اختلاف کو دبانے کا الزام لگایا گیا ہے۔ یہ افراد پاکستان کے وسیع تر سماجی و سیاسی تناظر کو نظر انداز کرتے ہیں اور ایک انتہائی یک طرفہ بیانیہ پیش کرتے ہیں جو ملک کے بارے میں منفی تاثرات کو ہوا دیتا ہے۔ یہ بیانیہ پاکستان کے سفارتی تعلقات اور اس کی بین الاقوامی ساکھ کو نقصان پہنچاتا ہے اور اس کے معاشی امکانات کو روکتا ہے۔ منفی بیان بازیوں کے طوفان نے پاکستان کے سفارتی تعلقات کو بھی متاثر کر دیا ہے، خاص طور پر ان ممالک کے ساتھ جو بڑی پاکستانی تارکین وطن برادریوں کی میزبانی کرتے ہیں۔

بیرون ملک پی ٹی آئی کے حامیوں کی سب سے زیادہ نقصان دہ کارروائیوں میں سے ایک سوشل میڈیا کے ذریعے غلط معلومات کا پھیلاؤ رہا ہے۔ پی ٹی آئی کے تارکین وطن اراکین نے ایکس، فیس بک اور یوٹیوب جیسے پلیٹ فارمز کو سازشی نظریات کے تشہیر، جعلی خبریں پھیلانے اور پاکستان کی فوجی اور سیاسی قیادت کے خلاف نفرت پھیلانے کے لیے استعمال کیا ہے۔ ان غلط معلومات سے بین الاقوامی برادری کو گمراہ کیا ہے اور پاکستانی معاشرے کو مزید تقسیم کیا ہے۔ تارکین وطن کے ارکان پر سٹن گوٹ ویڈیوز اور غیر تصدیق شدہ رپورٹس شیئر کرنے کا الزام بھی ہے، جن میں پاکستان کی حکومت اور فوج پر بدعنوانی، انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں اور انتخابات میں ہیرا پھیری کا الزام لگایا گیا ہے۔ ان سنسنی خیز بیانیوں کو اکثر پاکستان میں نظامی مسائل کے "ثبوت" کے طور پر پیش کیا جاتا ہے، جس سے ملک کی اندرونی تقسیم مزید گہری ہوتی ہے اور بیرون ملک اس کی ساکھ کو نقصان پہنچتا ہے۔ مثال کے طور پر، انتخابات میں دھاندلی کے الزامات کو ذمہ داری کے طور پر بڑھا چڑھا کر پیش کیا گیا ہے اور پی ٹی آئی کے تارکین وطن کے کچھ ارکان نے فوج پر ایک خصوصی نتیجہ حاصل کرنے کے لیے انتخابات میں ہیرا پھیری کا الزام لگایا ہے۔ پی ٹی آئی کا سوشل میڈیا نیٹ ورک، جس میں اس کے تارکین وطن افراد بھی شامل ہیں، اکثر سیاسی واقعات کو اپنے بیانیے سے ہم آہنگ کرنے کی کوشش کرتا ہے، اشتعال انگیز مواد جیسے ممبر، ترسیم شدہ ویڈیوز اور سٹن گوٹ خبریں پھیلاتا ہے جو فوج مخالف جذبات کو ہوا دیتی ہیں۔ یہ مہم پاکستان میں عام لوگوں کو گمراہ کرتا ہے بلکہ بین الاقوامی برادری کو پاکستان کے جمہوری طریقے سے نمٹنے سے بھی الگ کرتا ہے۔ ان مہمات نے سماجی پولرائزیشن کو گہرا کر دیا ہے، خاص طور پر انتخابات اور مظاہروں کے دوران، اور ان کا مقصد سرکاری اداروں اور فوج دونوں پر اعتماد کو کمزور کرنا ہے۔ غلط معلومات اور سنسنی خیز مواد کے صورتحال کو غیر ضروری طور پر ہوا دینے سے پاکستان کے لیے سیاسی بحرانوں سے نمٹنا اور غیر ملکی سرمایہ کاری کو راغب کرنا مزید مشکل ہو جاتا ہے۔ پی ٹی آئی کے تارکین وطن نے غیر ملکی حکومتوں کو پاکستان کے خلاف سخت موقف اختیار کرنے پر آمادہ کرنے کی کوشش کر کے پاکستان کے قومی مفادات کو بھی نقصان پہنچایا ہے۔ ان کوششوں میں عام طور پر پابندیاں عائد کرنے، فوجی امداد میں کٹوتی کرنے یا پاکستان کی حکومت اور فوج کے خلاف سخت موقف اختیار کرنے کے لیے مغربی طاقتوں کی لابنگ شامل ہوتی ہے۔ پی ٹی آئی کے تارکین وطن کے کچھ ارکان نے امریکہ، برطانیہ اور یورپی یونین جیسے ممالک پر زور دیا ہے کہ وہ پاکستان پر پابندیاں عائد کریں اور انہوں نے انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا حوالہ دیتے ہوئے یا حکومت میں فوج کے "غیر جمہوری" کردار کا الزام لگاتے ہوئے سخت اقدامات کا مطالبہ کیا ہے۔ پابندیوں کے ان مطالبات کو تارکین وطن کے کچھ ارکان کی لابنگ کوششوں کے ذریعے پاکستان کو بین الاقوامی سطح پر الگ تھلگ کرنے اور اس کی خودمختاری کو کمزور کرنے کی کوشش کے طور پر دیکھنے میں آئی ہے۔ اس طرح کی لابنگ مہمات اہم عالمی طاقتوں کے ساتھ پاکستان کے تعلقات کو نقصان پہنچا سکتی ہیں، جس سے اہم تجارتی معاہدوں، غیر ملکی امداد اور فوجی تعاون کو لاحق خطرات کی صلاحیت میں رکاوٹ پیدا ہو سکتی ہے۔ یہ اقدامات امریکہ، چین اور علاقائی پڑوسیوں کے ساتھ متوازن تعلقات برقرار رکھنے کی پاکستان کی سفارتی کوششوں کو کمزور کرنے کا خطرہ پیدا کرتے ہیں۔

اس کے علاوہ بیرون ملک مقیم پی ٹی آئی کے کچھ ارکان نے پاکستان کی سیاسی قیادت، فوجی نظام اور اداروں کے خلاف نفرت انگیز تقاریر اور ذاتی حملوں کا سہارا لیا ہے۔ یہ بیان بازی عوامی سیاسی تنظیم سے بالاتر ہے، جس کا مقصد صرف اور صرف پاکستان کی قیادت کو بدنام کرنا ہے۔ جنرل قمر جاوید باجوہ، سابق چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ اور وزیر دفاع خواجہ آصف جیسی ممتاز شخصیات پی ٹی آئی کے تارکین وطن کی طرف سے مسلسل حملوں اور تضحیک کا نشانہ بنی ہیں۔ ان حملوں میں ان کو کردار کشی کے مطالبات، غداری کے الزامات اور ان کی ذاتی زندگی کے بارے میں توہین آمیز تبصرے شامل ہیں۔ اس قسم کا طرز عمل زہریلے سیاسی ماحول میں حصہ ڈالتا ہے، جس سے پاکستان کے اداروں کے عزت و احترام میں کمی ہوتی ہے۔ ذاتی حملے نہ صرف بیرون ملک بلکہ ملک کے اندر بھی پاکستانیوں کے درمیان تقسیم کو گہرا کرتے ہیں۔ پی ٹی آئی کے تارکین وطن کی طرف سے سخت زبان اور دشمنانہ بیان بازی کے استعمال سے پرامن مکالمے یا قومی مفاہمت کو فروغ دینا مشکل ہو جاتا ہے، جس سے سیاسی پولرائزیشن اور سماجی بدامنی میں اضافہ ہوتا ہے۔

میں بیرون ملک مقیم اپنے چند عزیزوں سے، جو غیر کسی منطقی دلائل کے پاکستان پر تنقید کرتے ہیں، اکثر کہتا رہتا ہوں کہ انہیں کبھی بھی چیزیں پرکھنے سے پہلے پاکستان آ کر خود چیزوں کو دیکھنے کی ہمت اور جرات کرنی چاہیے۔ اگرچہ ہندوستان کی انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں اور عالمی دہشت گردی کی ہوشربا تاریخ نا قابل تردید ہے لیکن یہ بنا پڑے گا کہ ان کے تارکین وطن ہندوستان، اس کی حکومت یا فوج کے خلاف بیرون ملک سے مہمات میں شامل نہیں ہوتے۔ اس لیے پاکستان کے تارکین وطن کو اپنے اعمال کے اثرات پر غور کرنا چاہیے اور اپنی بیان بازیوں کے وسیع تر نتائج پر غور کرنا چاہیے۔ بدقسمتی سے سیاسی مخالفین کے تئیں نفرت اور بے عزتی کی ثقافت کو عمران خان نے پروان چڑھایا ہے اور اس نفرت کو انھوں نے اپنے حامیوں کے ذہنوں میں بٹھا دیا ہے، جس نے ملک اور بین الاقوامی سطح پر پاکستان کے امیج پر خاص طور پر تارکین وطن کے لیے سیاسی پولرائزیشن اور سماجی بدامنی میں اضافہ ہوتا ہے۔ پاکستانی تارکین وطن کو پاکستان کی عالمی حیثیت کو کمزور کرنے میں حصہ ڈالنے کے بجائے دنیا بھر کے دیگر تارکین وطن کی طرح ملک کو اس کے موجودہ چیلنجوں پر قابو پانے میں مدد کرنے کے لیے زیادہ تعمیری کردار ادا کرنا چاہیے۔

اگرچہ پاکستان کی معیشت میں تارکین وطن کی اہمول شراکت سے کوئی انکار نہیں کر سکتا، لیکن تارکین وطن کے بعض افراد کے منفی اقدامات اور بیان بازیاں پاکستان میں اور بیرون ملک مقیم اس کے لوگوں کی شبیہ کو مسخ کر رہے ہیں۔ یہ افراد قوم کے باشندوں کے خیالات یا قدار کی نمائندگی نہیں کرتے۔ پاکستانی قوم پاکستان اور اس کے اداروں کے ساتھ گہری محبت کے جذبات رکھتی ہے اور تقسیم اور نفرت انگیز بیان بازیوں اور مذموم اقدامات کے ذریعے ملک کو کمزور کرنے یا نقصان پہنچانے کی کسی بھی کوشش کو سختی سے مسترد کرتی ہے۔

پانی سے آلودگی ختم کرنے کے لیے نیا مواد تیار

